© rasailojaraid.com

# تعارف و تبصرہ

**خاص شمارے :**

پاکستان کے مختلف رسالوں نے اور تقریباً سارے ھی اخبارات نے ۲
فروری ۱۹۷۴ء کو لاھور میں منعقد ھونے والی اسلامی کانفرنس مسلم سربراھا
کے تاریخی موقع پر خوبصورت، رنگین اور معلومات آفرین خاص شمارے شا
کئے، ان کے علاوہ بعض اداروں نے بھی معلومات آفرین کتابچے شایع کئے۔

ان خاص شماروں اور کتابچوں میں شریک ھونے والے ممالک کے حالا
ضروری اعداد شمار، اشخاص اور عمارتوں کی تصاویر کے علاوہ عربی، اردو ا
انگریزی میں قابل قدر مضامین شایع کئے گئے۔ اردو رسالوں نے خصوصی
کے ساتھ ان خاص شماروں میں عربی و انگریزی کے صفحات شایع کئے ھیں
حسب ذیل رسالوں کے خاص شمارے اور کتابچے ھمیں وصول ھوئے ھیں۔

المنبر : لائلپور۔

نوید بہار : لاھور۔

اھل حدیث : لاھور۔

الھلال : راولپنڈی۔

خدام الدین : لاھور۔

مسلم ورلڈ (انگریزی) : کراچی۔

**اقبال نمبر :**

علامہ اقبال مرحوم فیلسوف شاعر اسلام کی وفات ۲۱ اپریل ۱۹۳۸
کو لاھور میں ھوئی تھی، اور وھیں شاھی مسجد کے باھر چبوترے پر
کا مقبرہ بنا ھے۔ اقبال کی سالانہ برسی کے موقع پر اکثر اردو رسالے علامہ اقب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ی تعلیمات پر مشتمل مضامین اور ان سے متعلق مقالات کے خاص شمارے
ایع کرتے ہیں ۔ چنانچہ امسال بھی ایسے خاص شمارے شایع کئے گئے ہیں ۔

لاہور کے مشہور دینی رسالہ میثاق نے بھی اپنی اشاعت اپریل ۱۹۷۸ء
و علامہ اقبال مرحوم کی یاد سے وابستہ کرکے اشاعت خاص قرار دیا ہے۔
رچہ اس رسالہ میں مولانا امین احسن اصلاحی کی تفسیر تدبر قرآن کا ایک
صہ بھی شامل ہے، اس لئے کہ یہ تفسیر کتابی صورت میں شایع ہونے سے
سالہ میثاق میں چھپتی رہتی ہے ۔ لیکن اس حصہ کے سوا تبصرہ اور تین
الات میں سے دو مقالے علامہ اقبال مرحوم سے متعلق ہیں، اور اچھے ہیں ۔

## تحاد العلماء کے کتابچے :

اتحاد العلماء پاکستان لاہور کی طرف سے ۶ کتابچے موصول ہوئے ہیں
و تمام تر قادیانیوں سے متعلق ہیں ۔ یہ کتابچے مرکزی دفتر جمعیتہ
تحاد العلماء پاکستان، رشید پارک، اچھرہ، لاہور سے دستیاب ہوسکتے ہیں۔

## سلامک مشن کے کتابچے :

اسلامک مشن، سنت نگر نے متعدد تبلیغی کتابچے ارسال کئے ہیں ۔
ہ سب کتابچے نہایت توجہ کے ساتھ لکھے گئے ہیں اور سادہ انداز میں،
سلامی عقاید و احکام کو مسلموں اور غیر مسلموں تک پہنچانے کے لئے کارآمد
بت ہوسکتے ہیں ۔ اسلامک مشن ،سنت نگر، لاہور سے حاصل کئے جاسکتے
ہیں ۔

© rasailojaraid.com